# سامان برائے نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ خیبر پختونخوا ہیلتھ کیئر کمیشن (KP HCC) اپنا درج ذیل سامان "جہاں ہے جیسا ہے" کی بنیاد پر، مورخہ 17/09/2026 کو، خیبر پختونخوا ہیلتھ کیئر کمیشن کے دفتر، سیکٹر بی۔3، فیز5، حیات آباد، پشاور میں مہر بند لفافوں کے ذریعے فروخت کرے گا۔ تفصیل درج ذیل ہے:

| لاٹ نمبر | لاٹ کا نام |
|---|---|
| 1 | ٹائر |
| 2 | 12وولٹ، 200ایمپیئر آور کی بیٹری |
| 3 | کمپیوٹر کا یو پی ایس |
| 4 | پرنٹر ٹونر |

## شرائط و ضوابط:

1. تمام بولی دہندگان فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور خیبر پختونخوا ریونیو اتھارٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں اور متعلقہ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل ہوں یا اس میں شمولیت کے لیے درخواست جمع کرا چکے ہوں۔
2. دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان نیلامی میں شرکت سے قبل، دفتری اوقات یعنی صبح 11:00 بجے تا سہ پہر 4:00 بجے کے دوران، KP HCC کے دفتر میں اثاثہ جات کا معائنہ کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے ڈائریکٹر آپریشنز کے دفتر سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔
3. نیلامی ڈائریکٹر آپریشنز کی زیرِ نگرانی مورخہ 17/09/2026 کو منعقد کی جائے گی۔ نیلامی کا نوٹس KPPRA اور KP HCC کی سرکاری ویب سائٹس پر دستیاب ہے۔
4. بولی دہندہ کو بولی جمع کرانے کی آخری تاریخ سے قبل اہلیت سے متعلق دستاویزات، کم از کم 100,000 روپے کے بیلنس پر مشتمل بینک اسٹیٹمنٹ، پیش کردہ بولی کی رقم کے 2 فیصد کے مساوی بڈ سیکیورٹی (کیش ڈپازٹ رسید، پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ کی صورت میں) بنام خیبر پختونخوا ہیلتھ کیئر کمیشن، قومی شناختی کارڈ کی نقل، اور اس امر کا حلف نامہ جمع کرانا ہوگا کہ بولی دہندہ کسی سرکاری محکمے یا سرکاری شعبے کے ادارے کی جانب سے بلیک لسٹ یا نااہل قرار نہیں دیا گیا۔
5. بولی دہندہ کو نیلامی کی تاریخ کو صبح 11:00 بجے سے پہلے تمام مطلوبہ دستاویزات کے ہمراہ جمع کرانی ہوگی۔

6. خریدار کو ایوارڈ کے تین (03) کاروباری دنوں کے اندر مکمل رقم ادا کرنی ہوگی۔

7. خریدار کو ادائیگی کے بعد پانچ (05) کاروباری دنوں کے اندر اثاثے اٹھانے ہوں گے۔

8. تمام ٹیکس، ڈیوٹیز، نقل و حمل، مزدوری، لوڈنگ، اور دیگر ضمنی اخراجات خریدار کی ذمہ داری ہوں گے۔

9. اگر کامیاب بولی دہندہ معاہدے کی شرائط و ضوابط پر عمل کرنے میں ناکام رہتا ہے، تو کمیشن معاہدے اور KPPRA پروکیورمنٹ رولز کی متعلقہ دفعات کے مطابق معاہدہ منسوخ کر سکتا ہے، اور کارکردگی نہ دکھانے پر KPPRA پروکیورمنٹ رولز کی متعلقہ دفعات کے مطابق بولی دہندہ کے خلاف بلیک لسٹنگ کی کارروائی شروع کر سکتا ہے۔

10. ڈسپوزل کے عمل کی تشریح سے متعلق KP HCC کا فیصلہ حتمی ہوگا، تاہم یہ قابلِ اطلاق قانون سے مشروط ہوگا۔

**ڈائریکٹر آپریشنز**
خیبر پختونخوا ہیلتھ کیئر کمیشن